05/07/2025
09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **مسرت شاہ** سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

کے اپنے کامیاب دورے کے بعد پانچ ملکوں کے دورے کے تیسرے Tobago اور Trinidad وزیر اعظم نریندر مودی پہنچ گئے۔ Beunos Aires مرحلے میں آج صبح ارجنٹینا کی راجدھانی

کے ساتھ وفود کی سطح پر بات چیت Javier Milei میں دیگر مصروفیات کے علاوہ وہاں کے صدر Argentina وزیر اعظم پارٹنرشپ کو مزید مستحکم کرنا اور Strategic کریں گے۔ اس دورے کا مقصد دونوں ممک کے درمیان مختلف شعبونمیں باہمی تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنا ہیں۔

شیو راج سنگھ چوہان

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہاہے کہ جموں کشمیر کے زرعی منظر نامے کو مزید تقویت بخشنا سرکار کے ترجیحی ایجنڈے میں شامل ہیں ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنوجی کشمیر کے چھٹے کامیابی کے HADP کنووکیشن سے خطاب کرنے کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر میں ساتھ عملایا جا رہا ہے۔

مرکزی سیکرٹری

وادی میں جاری مختلف زرعی پروجیکٹوں کا جائزہ ینے اور زرعی شعبے کو دوام بخشنے کے مقصد سے زراعت و کسانوں کی بہبودِ کے مرکزی سیکرٹری دیویش چترویدی نے اہم زرعی اداروں اور مراکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کے ہمراہ پانپور میں قائم اِنڈین انٹرنیشنل کشمیر زعفران ٹریڈ سینٹر کے علاوہ لال منڈی میں واقع شہد کی جانچ کی یبارٹری اور وہاں قائم فلوری کلچر نرسری کا بھی دورہ کیا ۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے ۔ 38 دنوں تک جاری رہنے والی یاترا کا آج تیسرا دن ہے ۔ کافی تعداد میں یاتری ہر روز پوتر گپھا میں شونگم کے درشن کر رہے ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر

یفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاکہ تمام یاتریونکی سلامتی اور انہیں بہتر رہائشی سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ایل جی نے بالتل میں شری امر ناتھ جی یاترا کے شردھالوں کیلئے یاتری نواس کمپلیکس کا کل افتتاح کیا ۔ اس موقعے پر انہوننے کہاکہ یاتری نواس میں 8سو یاتریوں کی رہنے کی گنجائش ہے اور اس میں ایک رجسٹریشن اور سیکورٹی بلاک بھی موجود ہے۔

انہوننے کہا کہ کل شام تک بیس ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا میں شونگم کے درشن کئے ہیں۔

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی 9 تاریخ ہے ۔ایام محرم کے دوران // باطل کے خلاف حق کی علم بلند کرنے والے// شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈاو نے جموں و کشمیر کو پاور سرپلس خطے میں تبدیل کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ انہوں نے یوٹی میں اہم ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کےلئے سختی سے ڈیڈ لائن پر عمل پیرا ہونے کی ضروررت پر زور دیا ہے۔ ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کےلئے متعلقہ عہدیداروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے کلیئرنس میں سرعت لانے اور تمام حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں حکومت کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کی ۔

تمغے

Bania Min میں جاری ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز میں جموں کشمیر پولیس کے کانسٹیبل Birmingham برطانیہ کے شہر مقابلوں میں سونے کے تمغے جیتےئے ہیں ۔ جموں کشمیر پولیس نے ان Wrestling اور کانسٹیبل اسحاق نامی کھلاڑیوں نے کھلاڑیوں کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی پولیس فورس کےلئے ایک فخر کا مقام ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ